فوری ریلیز کے لیے: 22/11/2022 **_KATHY HOCHUL_ گورنر**

## ***گورنر HOCHUL نے نیویارک کے باشندوں کو COVID-19 کے خلاف جنگ میں ریاستی پیش رفت کے بارے میں اپ ڈیٹ کیا ہے***

## ***گورنر نے نیویارک کے باشندوں کو COVID-19 کے خلاف بچاؤ اور اس کے علاج کے ذرائع کا استعمال جاری رکھنے کے لیے ترغیب دی ہے: ویکسینز، بوسٹرز، ٹیسٹنگ اور علاج***

## ***ریاست بھر میں 19 نومبر سے 21 نومبر تک 67 اموات کی رپورٹ کی گئی ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج نیویارک کے باشندوں کو COVID-19 کے خلاف ریاستی جنگ میں پیش رفت سے متعلق آگاہ کیا۔

"یوم تشکر کی اس چھٹی کے موقع پر ہماری ریاست میں تنفسی بیماریاں گردش کر رہی ہیں، میں نیویارک کے باشندوں پر زور دوں گی کہ وہ مستعد رہیں اور اپنے آپ کو اور اپنی کمیونٹیز میں اپنے پیاروں کو محفوظ اور صحت مند رکھنے کے لیے دستیاب تمام وسائل کو بروئے کار لائیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ویکسین کی خوراکوں کے بارے میں باخبر رہیں، اور اجتماعات میں شامل ہونے یا سفر کرنے سے پہلے ٹیسٹ کروائیں۔ اگر آپ کا ٹیسٹ مثبت آتا ہے، تو اپنے ڈاکٹر سے ممکنہ علاج کے اختیارات کے بارے میں بات کریں۔"

گزشتہ روز، گورنر Hochul نے نیویارک کے باشندوں پر زور دیا کہ وہ تعطیل کے اس موسم میں چھوٹے بچوں، بزرگ افراد اور دیگر دائمی امراض میں مبتلا افراد کو تنفسی وائرسز جیسے کہ ریسپائریٹری سنسیٹیئل وائرس (Respiratory Syncytial Virus، RSV)، انفلوئنزا اور COVID-19 سے بچانے کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کریں کیونکہ ملک بھر میں پھیلاؤ میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ انفلوئنزا تیزی سے پھیل رہا ہے، ریاست بھر میں لیبارٹری سے تصدیق شدہ کیسز کی تعداد پچھلے تین ہفتوں میں تقریباً تین گنا بڑھ گئی ہے، جبکہ ہسپتال میں داخل ہونے والوں کی تعداد دگنی سے بھی زیادہ ہو گئی ہے۔

اس ماہ کے اوائل میں گورنر Hochul نے عوام کی آگاہی کی مہم کا آغاز کیا جس میں نیویارک کی ریاستی کمشنر برائے صحت ڈاکٹر Mary T. Bassett نیویارک کے باشندوں سے براہ راست ان تین وائرسز سے متعلق گفتگو کر رہی ہیں جو آج کل ریاست میں ایک ہی طرح کی علامات اور سنگین بیماری کا سبب بننے کی صلاحیت کے ساتھ گردش کر رہے ہیں۔ ریاست نیویارک کے محکمہ صحت کی پیش کردہ، ویڈیوز میں ایک مختصر کلپ اور والدین کے لیے تیار کیے گئے ایک طویل ورژن؛ اور خاص طور پر نگہداشتِ صحت فراہم کنندگان کے لیے تیار کردہ ورژن شامل ہیں۔

گورنر Hochul نیو یارک کے مکینوں کو مسلسل یہ یاد دہانی کروا رہی ہیں کہ 5 سال اور اس سے زیادہ عمر کے بچوں کو اب بائی ویلنٹ بوسٹر شاٹس لگوائے جا سکتے ہیں جو COVID-19 کے خلاف تحفظ میں اضافہ کرنے کے لیے تجویز کردہ ہیں۔

گورنر نیو یارک کے شہریوں کو بائی ویلنٹ COVID-19 ویکسین بوسٹرز لگوانے کی تاکید بھی کر رہی ہیں۔ بوسٹر کے لیے اپائنٹمنٹ طے کرنے کے لیے، نیویارک کے باشندے اپنی مقامی فارمیسی، کاؤنٹی محکمۂ صحت یا نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں؛ vaccines.gov ملاحظہ کریں؛ اپنا ZIP کوڈ 438829 پر ٹیکسٹ کریں یا قریبی مقامات تلاش کرنے کے لیے 1-800-232-0233 پر کال کریں۔

اس کے علاوہ، گورنر Hochul نیو یارک کے باشندوں کو اپنی سالانہ فلُو ویکسین لگوانے کی ترغیب دے رہی ہیں کیونکہ ریاست نیو یارک میں فلُو کی وبا وسیع طور پر پھیلی ہوئی ہے۔ فلُو کا وائرس اور وہ وائرس جو COVID-19 کا سبب بنتا ہے، دونوں ہی گردش کر رہے ہیں، لہٰذا دونوں کے خلاف ویکسین لگوانا صحت مند رہنے کے ساتھ نگہداشتِ صحت کے نظام پر اضافی دباؤ کو کم کرنے کا بھی بہترین طریقہ ہے۔

ریاستی محکمۂ صحت اپنی سالانہ عوامی آگاہی مہم جاری رکھے ہوئے ہے، جو بالغ افراد اور والدین کو یہ یاددہانی کرواتی ہے کہ وہ خود اور 6 ماہ اور اس سے زائد عمر کے بچوں کو فلُو اور COVID-19 دونوں کے ٹیکے لگوائیں۔ انگریزی اور ہسپانوی، دونوں زبانوں میں اشتہارات گزشتہ ماہ سے چلنا شروع ہوئے۔

فلُو ویکسین کلینکس کے بارے میں معلومات کے لیے، مقامی محکمۂ صحت سے رابطہ کریں یا vaccines.gov/find-vaccines/ملاحظہ کریں۔

آج کے ڈیٹا کا مختصر خلاصہ ذیل میں ملاحظہ فرمائیں:

1. **کیسز فی k100** - 15.18
2. **7-دن کے اوسط کیسز فی k100** - 18.88
3. **اطلاع کردہ ٹیسٹ کے نتائج** - 38,418
4. **کُل مثبت** - 2,967
5. **مثبت فیصد** - 6.88%**
6. **7 دن کی اوسط مثبت شرح فیصد** - 5.87%**
7. **ہسپتال میں داخل مریض** - 2,919 (+275)
8. **نئے داخل شدہ مریض** - 1045*
9. **ICU میں مریض** - 287 (+33)
10. **ICU میں داخل شدہ مریض جنہیں ٹیوب ڈالی گئی** - 101 (+8)
11. **کُل ڈسچارجز** - 364,414 (+692)*
12. **HERDS کے ذریعے نگہداشتِ صحت کی سہولت گاہوں کی جانب سے رپورٹ شدہ نئی اموات** - 67*
13. **HERDS کے ذریعے نگہداشتِ صحت کی سہولت گاہوں کی جانب سے رپورٹ شدہ کُل اموات** - 59,288*

** وفاقی محکمہ برائے صحت اور انسانی خدمات (Department of Health and Human Services, HHS) کی جانب سے ٹیسٹ کی رپورٹنگ کی پالیسی اور متعدد دوسرے عوامل تبدیل ہو جانے کی وجہ سے، کسی کمیونٹی پر وائرس کے اثر کو ماپنے کا سب سے قابلِ اعتبار پیمانہ کیس فی 100,000 ڈیٹا ہے -- نہ کہ مثبت ہونے کی فی صد شرح۔ ہیلتھ الیکٹرانک رسپانس ڈیٹا سسٹم (Health Electronic Response Data System) ریاستِ نیویارک کے محکمۂ صحت (NYS DOH) کا اعداد و شمار کا ماخذ ہے جو صرف ہسپتالوں، نرسنگ ہومز اور بالغوں کی دیکھ بھال کے مراکز کی جانب سے روزانہ رپورٹ کردہ موت کے تصدیق شدہ اعداد و شمار اکٹھے کرتا ہے۔

**اہم نوٹ:** پیر، 4 اپریل سے مؤثر، وفاقی محکمہ برائے صحت اور انسانی خدمات (HHS) کو ٹیسٹنگ کی ایسی سہولت گاہیں مزید درکار نہیں ہیں جو منفی نتائج کی رپورٹ کرنے کے لیے COVID-19 کے ریپڈ اینٹی جن ٹیسٹ استعمال کرتی ہیں۔ نتیجے کے طور پر، لیب کی جانب سے رپورٹ شدہ PCR نتائج کو استعمال کرتے ہوئے نیویارک ریاست کے فی صد مثبت پیمانے کا حساب لگایا جائے گا۔ مثبت اینٹی جن ٹیسٹ کو فی الحال نیویارک ریاست میں رپورٹ کیا جائے گا اور روزانہ کے نئے کیسوں کی اور کیس فی k100 کی رپورٹنگ میں PCR اور اینٹی جن ٹیسٹس دونوں

شامل ہوں گے۔ اس تبدیلی اور دوسرے عوامل کی وجہ سے، جن میں ٹیسٹنگ کے طریقوں میں تبدیلیاں شامل ہیں، کسی کمیونٹی پر وائرس کے اثر کو ماپنے کا سب سے قابلِ اعتبار پیمانہ کیس فی 100,000 ڈیٹا ہے -- فی صد مثبت نہیں۔

**- CDC کو رپورٹ کردہ اور اس کی جانب سے مرتب کردہ کُل اموات** - 75,642

NYS DOH اور NYC کی جانب سے CDC کو رپورٹ کردہ یومیہ COVID-19 کے موت کے سرٹیفکیٹ کے اس عارضی ڈیٹا میں وہ افراد شامل ہیں جن کی موت کسی بھی مقام پر ہوئی ہو بشمول ہسپتال، نرسنگ ہومز، بالغان کی دیکھ بھال کی سہولت گاہوں میں، گھر پر، شفا خانے اور دیگر ترتیبات میں۔

ہر علاقے کی 7-دن کی اوسط برائے کیس فی K100 آبادی حسبِ ذیل ہے:

| **علاقہ** | **ہفتہ، 19 نومبر، 2022** | **اتوار، 20 نومبر، 2022** | **پیر، 21 نومبر، 2022** |
|---|---|---|---|
| Capital Region | 9.02 | 8.91 | 9.07 |
| Central New York | 7.57 | 7.83 | 7.90 |
| Finger Lakes | 9.57 | 9.35 | 9.45 |
| Long Island | 23.76 | 24.31 | 24.31 |
| Mid-Hudson | 18.24 | 18.21 | 17.65 |
| Mohawk Valley | 8.86 | 8.92 | 8.71 |
| New York City | 24.63 | 24.69 | 24.65 |
| North Country | 8.83 | 8.39 | 7.67 |
| Southern Tier | 12.52 | 12.43 | 12.10 |
| Western New York | 7.75 | 7.28 | 6.92 |
| **ریاست گیر** | **18.96** | **19.00** | **18.88** |

ہر علاقے میں 7-دن کے مثبت ٹیسٹ کے نتائج کی اوسط شرح جو گزشتہ تین دنوں میں رپورٹ کی گئی وہ حسبِ ذیل ہے**:

| **علاقہ** | **ہفتہ، 19 نومبر، 2022** | **اتوار، 20 نومبر، 2022** | **پیر، 21 نومبر، 2022** |
|---|---|---|---|
| Capital Region | 4.83% | 4.78% | 4.80% |
| Central New York | 3.50% | 3.63% | 3.71% |
| Finger Lakes | 4.37% | 4.28% | 4.29% |
| Long Island | 6.10% | 6.16% | 6.21% |
| Mid-Hudson | 6.13% | 6.07% | 5.96% |
| Mohawk Valley | 4.36% | 4.34% | 4.29% |
| New York City | 6.32% | 6.33% | 6.34% |
| North Country | 4.46% | 4.47% | 4.32% |
| Southern Tier | 5.46% | 5.38% | 4.92% |
| Western New York | 5.26% | 5.21% | 5.07% |
| **ریاست گیر** | **5.88%** | **5.88%** | **5.87%** |

** وفاقی محکمہ برائے صحت اور انسانی خدمات (Department of Health and Human Services, HHS) کی جانب سے ٹیسٹ کی رپورٹنگ کی پالیسی اور متعدد دوسرے عوامل تبدیل ہو جانے کی وجہ سے، کسی کمیونٹی پر وائرس کے اثر کو ماپنے کا سب سے قابلِ اعتبار پیمانہ کیس فی 100,000 ڈیٹا ہے -- نہ کہ مثبت ہونے کی فی صد شرح۔

نیویارک سٹی کی ہر بورو کے 7-دن کے مثبت ٹیسٹ کے نتائج کی اوسط شرح جو گزشتہ تین دنوں میں رپورٹ کی گئی وہ حسبِ ذیل ہے**:

| **NYC میں بورو** | **ہفتہ، 19 نومبر، 2022** | **اتوار، 20 نومبر، 2022** | **پیر، 21 نومبر، 2022** |
|---|---|---|---|
| Bronx | 7.07% | 7.06% | 6.99% |
| Kings | 5.71% | 5.77% | 5.82% |
| New York | 6.26% | 6.28% | 6.31% |
| Queens | 7.00% | 6.95% | 7.01% |
| Richmond | 5.12% | 4.98% | 4.82% |

** وفاقی محکمہ برائے صحت اور انسانی خدمات (Department of Health and Human Services, HHS) کی جانب سے ٹیسٹ کی رپورٹنگ کی پالیسی اور متعدد دوسرے عوامل تبدیل ہو جانے کی وجہ سے، کسی کمیونٹی پر وائرس کے اثر کو ماپنے کا سب سے قابلِ اعتبار پیمانہ کیس فی 100,000 ڈیٹا ہے -- نہ کہ مثبت ہونے کی فی صد شرح۔

ریاست نیویارک میں گزشتہ روز، نیویارک کے، 2,967 باشندوں کے COVID-19 کے ٹیسٹ مثبت آئے، جس سے کل تعداد 6,246,997 ہو گئی ہے۔ ایک جغرافیائی تقسیم کاری ذیل میں پیش کی گئی ہے:

| **کاؤنٹی** | **کُل مثبت** | **نئے مثبت** |
|---|---|---|
| Albany | 75,423 | 18 |
| Allegany | 10,394 | 2 |
| Broome | 56,211 | 4 |
| Cattaraugus | 18,643 | - |
| Cayuga | 19,630 | 7 |
| Chautauqua | 28,386 | 5 |
| Chemung | 25,728 | 19 |
| Chenango | 11,382 | - |
| Clinton | 21,488 | 1 |
| Columbia | 13,099 | 7 |
| Cortland | 12,834 | 3 |
| Delaware | 9,684 | - |
| Dutchess | 79,825 | 21 |
| Erie | 258,984 | 46 |
| Essex | 7,333 | 1 |
| Franklin | 11,660 | - |
| Fulton | 15,929 | 2 |
| Genesee | 16,026 | 2 |
| Greene | 10,408 | 5 |

| | | |
|---|---|---|
| - | 1,052 | Hamilton |
| 2 | 16,853 | Herkimer |
| 8 | 25,635 | Jefferson |
| - | 7,067 | Lewis |
| 2 | 13,870 | Livingston |
| 1 | 16,231 | Madison |
| 48 | 184,247 | Monroe |
| 6 | 14,480 | Montgomery |
| 299 | 515,080 | Nassau |
| 13 | 57,560 | Niagara |
| 1,728 | 2,906,630 | NYC |
| 10 | 66,439 | Oneida |
| 31 | 137,678 | Onondaga |
| 10 | 24,997 | Ontario |
| 46 | 131,072 | Orange |
| 4 | 10,146 | Orleans |
| 8 | 33,233 | Oswego |
| 4 | 12,725 | Otsego |
| 20 | 29,665 | Putnam |
| 7 | 40,115 | Rensselaer |
| 54 | 112,104 | Rockland |
| 22 | 58,993 | Saratoga |
| 9 | 41,877 | Schenectady |
| 1 | 6,312 | Schoharie |
| - | 4,209 | Schuyler |
| 4 | 7,333 | Seneca |
| 2 | 25,510 | St. Lawrence |
| 11 | 24,381 | Steuben |
| 260 | 532,169 | Suffolk |
| 6 | 23,194 | Sullivan |
| 4 | 13,518 | Tioga |
| 16 | 25,489 | Tompkins |
| 10 | 40,722 | Ulster |
| 6 | 18,001 | Warren |
| 5 | 15,048 | Washington |
| - | 21,004 | Wayne |
| 163 | 315,332 | Westchester |
| 3 | 9,678 | Wyoming |
| 1 | 4,281 | Yates |

ذیل میں جو ڈیٹا پیش کیا گیا ہے وہ دکھاتا ہے کہ کتنے افراد ہسپتال میں داخل ہیں جن کا COVID-19 کا ٹیسٹ مثبت آیا ہے اور انہیں COVID-19/COVID-19 کی پیچیدگیوں کی وجہ سے داخل کیا گیا تھا اور ان میں سے کتنے افراد کو COVID-19 کے علاوہ کسی شکایات کی وجہ سے داخل کیا گیا تھا:

| علاقہ | COVID-19 کے وہ مریض جو حالیہ طور پر ہسپتال میں داخل ہیں | COVID کے سبب یا COVID کی پیچیدگیوں کی وجہ سے داخل ہوئے ہیں | COVID کی وجہ سے یا COVID کی پیچیدگیوں کی وجہ سے داخلے کی % | داخل ہوئے جبکہ داخلے کی وجوہات میں COVID شامل نہیں | ان افراد کی % جو داخل ہوئے جبکہ داخلے کی وجوہات میں COVID شامل نہیں |
|---|---|---|---|---|---|
| Capital Region | 124 | 84 | 67.7% | 40 | 32.3% |
| Central New York | 78 | 38 | 48.7% | 40 | 51.3% |
| Finger Lakes | 285 | 85 | 29.8% | 200 | 70.2% |
| Long Island | 510 | 229 | 44.9% | 281 | 55.1% |
| Mid-Hudson | 289 | 120 | 41.5% | 169 | 58.5% |
| Mohawk Valley | 30 | 15 | 50.0% | 15 | 50.0% |
| New York City | 1,341 | 525 | 39.1% | 816 | 60.9% |
| North Country | 50 | 27 | 54.0% | 23 | 46.0% |
| Southern Tier | 74 | 23 | 31.1% | 51 | 68.9% |
| Western New York | 138 | 46 | 33.3% | 92 | 66.7% |
| **ریاست گیر** | **2,919** | **1,192** | **40.8%** | **1,727** | **59.2%** |

اب Omicron ویریئنٹ منتشر ہونے والے وائرسز میں 95% سے زیادہ کی نمائندگی کرتا ہے۔ ویریئنٹ کی ٹریکنگ پر مزید معلومات کے لئے، براہ کرم یہاں ملاحظہ کریں: COVID-19 ویریئنٹ ڈیٹا | محکمۂ صحت (ny.gov)۔

ہفتہ، 19 نومبر سے پیر 21 نومبر تک، COVID-19 کی وجہ سے کل نئی 67 اموات رپورٹ کی گئیں، جس سے مجموعی تعداد 59,288 ہو گئی۔ رہائش کی کاؤنٹی کے اعتبار سے، ایک جغرافیائی تقسیم کاری حسبِ ذیل ہے:

| کاؤنٹی | نئی اموات |
|---|---|
| Bronx | 5 |
| Broome | 2 |
| Chautauqua | 1 |
| Clinton | 2 |
| Erie | 1 |
| Kings | 13 |

| | |
|---|---|
| 1 | Madison |
| 6 | Monroe |
| 6 | Nassau |
| 4 | New York |
| 2 | Niagara |
| 1 | Ontario |
| 1 | Orange |
| 1 | Otsego |
| 11 | Queens |
| 1 | Rensselaer |
| 1 | Saratoga |
| 1 | Schenectady |
| 3 | Suffolk |
| 1 | Sullivan |
| 1 | Warren |
| 2 | Westchester |
| **67** | **کُل میزان** |

*اہم نوٹ: ہفتہ وار تعطیل کی وجہ سے HERDS کی جانب سے نگہداشتِ صحت کی سہولت گاہوں سے ڈیٹا اکٹھا کرنے میں وقفہ تھا اور 21/11/2022 کو یہ عمل دوبارہ شروع کیا گیا۔ جہاں نشاندہی کی گئی ہے، وہاں کل تعداد میں 19/11/2022 تا 21/11/2022 تین دنوں کا مجموعی ڈیٹا شامل ہے۔ نتیجتاً، کچھ ڈیٹا حالیہ رجحانات سے بڑھ کر معلوم ہو سکتا ہے۔ متاثرہ ڈیٹا کو ایک اسٹار سے نشان زد کیا گیا ہے۔*

نیویارک کے باشندے 5-11-سال کے بچوں کے لئے ویکسین کی اپائنٹمنٹس کا شیڈول کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں ان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ اپنے بچوں کے ماہرِ اطفال، خاندانی فزیشن، کاؤنٹی کے صحت کے محکموں، وفاق کی جانب سے سندیافتہ صحت کے مراکز (Federally Qualified Health Centers, FQHCs)، دیہی مراکزِ صحت، یا فارمیسیز سے رابطہ کریں جو اس عمر کے گروپ کے لئے ویکسین لگا رہے ہوں۔ قریبی مقامات معلوم کرنے کے لیے والدین اور سرپرستگان vaccines.gov ملاحظہ کر سکتے ہیں، اپنا ZIP کوڈ 438829 پر ٹیکسٹ کر سکتے ہیں، یا 1-800-232-0233 پر کال کر سکتے ہیں۔ یہ اطمینان کر لیں کہ فراہم کنندہ Pfizer-BioNTechCOVID-19 ویکسین فراہم کرے، کیونکہ ابھی تک اس عمر کے گروپ کے لیے دیگر COVID-19 ویکسینز کی اجازت نہیں ہے۔

نئی معلومات، اکثر پوچھے گئے سوالات اور جوابات، اور خاص طور پر اس عمر کے بچوں کے والدین اور سرپرستوں کے لیے تیار کردہ وسائل کے لیے والدین اور سرپرستوں کے لیے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418